**25.04.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.........................................................................

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سبھی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے کہا ہے کہ وہ پاکستانی شہریوں کی شناخت کریں اور اُن کی فوری واپسی کو یقینی بنائیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے سندھو آبی معاہدے پر اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت بھی کی۔

☆ وزارت خارجہ نے امریکہ، اسرائیل اور اسپین کے سفیروں کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں واقف کرایا۔

☆ مرکز نے سپریم کورٹ میں نئے وقف قانون کے سلسلے میں ایک حلف نامہ داخل کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ جائیداد پر تجاوزات کو روکنے کیلئے وقف قانون میں ترمیمات کی گئی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو Vatican سٹی میں کل پوپ فرانسس کی سرکاری طور پر ادا کی جانے والی آخری رسومات میں شامل ہونے کیلئے روم پہنچ گئی ہیں۔

☆ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ یوکرین معاملے پر روس، امریکہ کے ساتھ سمجھوتے کیلئے تیار ہے۔

☆ اور آئی پی ایل ٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں چنئی سپرکنگس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان میچ جاری ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Eve PM Pak Nationals

پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں بھارت کی جانب سے پاکستانی باشندوں کے ویزے رد کیے جانے کے ایک دِن بعد مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج سبھی وزراء اعلیٰ سے بات کی اور اُن سے کہا کہ وہ اپنی اپنی ریاستوں میں پاکستانی افراد کی پہچان کریں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ جناب شاہ نے سبھی وزراء اعلیٰ سے کہا کہ وہ اُن افراد کے فوراً پاکستان روانہ ہونے کو یقینی بنائیں۔ اُدھر مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اِس معاملے پر ایک میٹنگ کی۔ انہوں نے سبھی متعلقہ افسران سے پاکستانی باشندوں کے ویزے منسوخ کیے جانے سے متعلق حکم نامے پر سختی سے عمل

درآمد کرنے کو یقینی بنانے کو کہا۔ بھارت نے پاکستانیوں کو جاری کیے گئے سبھی ویزوں کو منسوخ کر دیا ہے۔ اِس میں طویل مدت ویزے، سفارتی ویزے اور سرکاری ویزے شامل نہیں ہیں۔ پاکستانی باشندوں کو جاری کیے گئے سبھی میڈیکل ویزے 29اپریل تک جاری رہیں گے اور رد کیے گئے زمروں میں کوئی بھی نیا ویزا جاری نہیں کیا جائے گا۔×

**Amit Shah Indus**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر پاکستان کے ساتھ 1960 کے سندھو آبی سمجھوتے سے متعلق ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ بھارت نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں سندھو آبی سمجھوتے کو معطل کردیا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل اور سینئر سرکاری افسران نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جل شکتی کے وزیر نے کہا کہ سندھو آبی سمجھوتے پر سرکار کا تاریخی فیصلہ پوری طرح ملک کے مفاد اور انصاف پر مبنی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سرکار اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ سندھو ندی کا ایک بھی قطرہ پاکستان نہ پہنچے۔

S/B CR Patil

**J&K Meeting**

آج سری نگر میں کئی اعلیٰ سطح کی میٹنگوں میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد ہوئی پیشرفت سے متعلق مجموعی صورتحال پر بات چیت کی گئی

**Eve Army Chief J&K**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سری نگر کے راج بھون میں فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی کے ساتھ سکیورٹی سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ جنرل آفیسر کمانڈنگ GOC، شمالی کمان کے لیفٹیننٹ جنرل ایم وی سوچندر کمار، فوجی عملے کے ڈپٹی چیف لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما اور 15 کور کے GOC لیفٹیننٹ جنرل پرشانت شری واستو اس میٹنگ میں موجود تھے۔

اس سے قبل فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی، آج صبح سری نگر پہنچے۔ اُنھیں سرینگر کے 15 کور کے فوجی جنرل کے کمانڈنگ دفتر نے صورتحال کے بارے میں مجموعی جانکاری فراہم کی اور اُنھیں دہشت گردوں کے خلاف فوجی کارروائی نیز کنٹرول لائن پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کی پاکستانی فوج کی کوششوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔

اِس دوران فوج کے سربراہ، 22اپریل منگل کے روز جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے Baisaran میں دہشت گردانہ حملے کے بعد موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے پہلگام پہنچے ہیں۔×

**Bandipura Encounter**

جموں و کشمیر میں شمالی کشمیر کے بادیپورا ضلع کے Ajas علاقے کے بازیپورا کُلنار علاقے میں آج دہشت

گردوں کے خلاف جاری کارروائی میں دہشت گردوں کا ایک ساتھی مارا گیا۔ مارے گئے دہشت گردوں کے ساتھی کی پہچان الطاف لالی کے طور پر کی گئی ہے، جو لشکر طیبہ کا ایک ممبر تھا۔ شمالی کشمیر کے باندیپورا ضلع میں علی الصبح گولی باری کے بعد جنگل کے علاقے میں فوج اور جموں و کشمیر پولیس کی مشترکہ فورسز کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔

پولیس نے بتایا ہے کہ اس سے قبل گھنے جنگل کے علاقے میں تلاشی کی کارروائی کی دوران آج سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان جھڑپ شروع ہو گئی۔ انٹیلیجنس کی اطلاعات کی بنیاد پر فوج اور پولیس کی مشترکہ ٹیم نے محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی تھی، جس کے بعد یہ انکاؤنٹر شروع ہوا۔

جب فورسز مشتبہ علاقے کے قریب پہنچ گئیں تو دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کر دی، جس کے بعد دونوں طرف سے گولی باری شروع ہوگئی۔×

## MEA Envoys Briefing

امورِ خارجہ کی وزارت نے امریکہ، اسرائیل اور اسپین کے سفیروں کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں آج دلّی میں تفصیلات سے واقف کرایا۔ بھارت میں اسرائیل کے سفیر Reuven Azar نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ یکسر تبدیلی لانے والا لمحہ ہے اور اس گھڑی میں اسرائیل، بھارت کے ساتھ کھڑا ہے۔ انھوں نے کہا کہ انہوں نے دہشت گردی اور دو طرفہ تعلقات کے موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا۔

S/B: Reuvn Azar

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت نے دیگر ممالک کو اس دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں مطلع کرنے کیلئے وسیع پیمانے پر سفارتی مہم شروع کی ہے۔

VC- Suparna

وزارت خارجہ نے نئی دلّی کے ساؤتھ بلاک میں چنندہ ممالک کے سفیروں کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بارے میں واقف کرایا۔ ان ممالک میں جرمنی، جاپان، پولینڈ، برطانیہ اور روس کے سفارتکار شامل تھے۔ آج کئی غیر ملکی سفارتکاروں نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے اسرائیل کے سفیر Reuven Azar سے ملاقات کی اور سرحدپار دہشت گردی سے لڑنے میں اسرائیل کی غیرمتزلزل حمایت کی ستائش کی۔ انہوں نے ارجنٹینا کے سفیر سے بھی ملاقات کی اور ارجنٹینا کی جانب سے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کا خیر مقدم کیا۔

مصر کے سفیر Kamal Zayed نے بھی ڈاکٹر جے شنکر سے ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید وسعت دینے کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔

وزیر خارجہ نے دہشت گردی سے لڑنے میں مصر کی حمایت کو سراہا۔ وزیر خارجہ نے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ایک نیپالی شہری کے مارے جانے پر نیپال کے سفیر شنکر شرما سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

دلّی سے سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Rev. World Leaders Pahalgam

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer اور نیدر لینڈ کے وزیر اعظم Dick Schoof اور سری لنکا کے صدر Anura Dissanayake نے آج وزیر اعظم نریندر مودی سے فون پر بات کی اور پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ برطانیہ کے وزیر اعظم جناب Starmer نے جناب مودی کو فون پر اِس حملے میں بے قصور لوگوں کے جاں بحق ہونے پر تعزیت پیش کی اور انہوں نے اِس حملے کو گھناؤنہ اور بربریت والا بتایا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کی اِس گھڑی میں برطانیہ بھارت کے عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ جناب Schoof نے بھی تعزیت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرحد پار سے کیا گیا یہ حملہ بزدلانہ ہے اور دہشت گردی کی ہر صورت کے خلاف نیدر لینڈ کی طرف سے مسترد کیے جانے کی توثیق کی۔

جناب مودی نے حمایت کے لیے دونوں لیڈروں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں نیدرلینڈ کو مستحکم کرنے کی خاطر بھارت کام کرنے کے لیے پُر امید ہے۔ سری لنکا کے صدر Dissanayake نے وزیر اعظم مودی سے بات کی اور لوگوں کے جاں بحق ہونے پر تعزیت پیش کی اور دہشت گردی کے اِس عمل کی مذمت کی۔ صدر Dissanayake نے مشکل کی اِس گھڑی میں بھارت کے ساتھ سری لنکا کی یکجہتی کا اظہار کیا اور دہشت گردی کی سبھی شکلوں کے خلاف لڑائی میں مشترکہ عہد کی توثیق کی۔x

## Centre SC Waqf

مرکز نے آج سپریم کورٹ سے کہا ہے کہ اس نے وقف قانون 1995میں ترمیم اس لئے کی ہے تاکہ سرکاری اور پرائیویٹ زمین پر تجاوزات کو روکا جاسکے اور وقف بورڈ کے کام کاج میں شفافیت لائی جاسکے۔ ایک affivavit میں اقلیتی امور کی وزارت نے 2013سے کی گئی ترمیم کے بعد سے وقف کی املاک میں 116فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے اور کہا ہے کہ بہت سے وقف بورڈ شفاف انداز میں کام نہیں کر رہے ہیں اور وہ بورڈ کے تحت آنے والے تمام جائیداد کے مکمل ریکارڈ اپ لوڈ کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

مرکز نے کہا ہے کہ وقف (ترمیمی) قانون 2025 کا مقصد وقف کے تحت آنے والے جائیداد کے انتظام کو مذہبی عمل کو متاثر کئے بغیر جدید بنانا ہے۔ مرکز نے مزید کہا کہ یہ اصلاحات ایگزیکٹیو اور پارلیمانی جائزوں کے بعد کی گئی ہیں۔چیف جسٹس سنجیو کھنّہ کی قیادت میں عدالت نے معاملے کی سماعت 5مئی کو مقرر کی ہے اور ضرورت پڑنے پر اس سلسلے میں عبوری احکامات جاری کئے جائیں گے۔

اس سے پہلے فریقین کو 17اپریل تک کا وقت دیا گیا تھا تاکہ وہ ترمیمات کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں کے سلسلے میں اپنے ردّ عمل کو درج کراسکیں۔ x

## SC Rahul

سپریم کورٹ نے آج لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کو مجاہد آزادی ونایک دامودر ساورکر پر ان کے مبینہ توہین آمیز بیان پر سرزنش کی۔ جسٹس دیپانکر دتّا اور منموہن کی ایک بینچ نے راہل گاندھی سے غیر ذمے

دارانہ بیانات سے دور رہنے کو کہا۔ نومبر 2022میں جناب گاندھی کو اپنی بھارت جوڑو یاترا کے دوران مہاراشٹر کے اکولہ میں ایک ریلی میں ساورکر پر توہین آمیز بیانات دیئے تھے۔ جسٹس دتّا کی قیادت میں بینچ نے متنبہ کیا کہ اگر کانگریس کے لیڈر نے مستقبل میں اِس طرح کا کوئی بیان دیا تو عدالت اُن کے خلاف از خود اقدام کرے گی۔ اس معاملے پر بات کرتے ہوئے BJP کے لیڈر شاہنواز حسین نے کہا کہ جناب گاندھی اگر اِسی طرح ویر ساورکر کی مسلسل توہین کرتے رہیں گے تو ان کو بخشا نہیں جائے گا۔

S/B Shahnawaz Hussain

## PM Kasturirangan

اِسرو کے سابق چیئرمین اور بھارت کی تعلیمی پالیسی کے ایک اہم معمار ڈاکٹر کے کستوری رنگن کا آج صبح بینگلورو میں اُن کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ وہ 84سال کے تھے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر کے کستوری رنگن کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی رہنمائی اور ملک کے لیے بے لوز خدمت کو ہمیشہ یعد رکھا جائے گا۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی ڈاکٹر کرشنا سوامی کستوری رنگن کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسم میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ڈاکٹر کستوری رنگن بھارت کے خلائی پروگرام کو عالمی معیار کے بنانے میں ماہر تھے۔×

## PM Rozgar Mela

وزیر اعظم نریندر مودی کَل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سرکار کے مختلف محکموں اور تنظیموں میں نئے تقرر کیے گئے 51ہزار افراد کو تقررنامے پیش کریں گے۔ اِس موقع پر وہ مجمعے سے خطاب بھی کریں گے۔ روزگار پیدا کرنے کو اعلیٰ ترجیح دینے کے وزیر اعظم کے عہد کے ایک حصے کے طور پر پورے ملک میں 47مقامات پر 15واں روزگار میلا منعقد کیا جائے گا۔ اِس کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی جانب، بامعنی مواقع حاصل ہوں گے اور ملک کی تعمیر میں یہ موثر طور پر تعاون پیش کرے گا۔ نئے تقرر کیے گئے افراد مرکزی حکومت کی مختلف وزارتوں اور محکموں میں شامل ہوں گے۔×

## NMCG Action Plan 2025

گنگا صفائی کے قومی مشن (NMCG) نے River Cities Alliance (RCA) کے تحت اپنے سالانہ ماسٹر پلان کو منظوری دے دی ہے، جس کا مقصد بھارت کے ابھرتے شہروں کی شہری منصوبہ بندی کو ندیوں کے تعلق سے حساس بنانا ہے۔ اس منصوبے میں صلاحیت سازی کے پروگرام، معلومات کا تبادلہ، ٹیکنیکل ٹولز، ماہرین کی رہنمائی اور مختلف موضوعات پر Case Studies شامل ہے۔

اس کے تحت ریاستوں میں ندیوں کے تعلق سے حساس ماسٹر پلاننگ، تربیت کے ذریعے City ماسٹر پلان میں ندیوں کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے گا۔ x

### Prez Vatican Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو Vatican سٹی میں پوپ فرانسس کی ریاستی سطح پر آخری رسومات میں شرکت کیلئے آج روم پہنچ گئیں۔ اُن کے دو روزہ دورے میں مرحوم پوپ کو خراج عقیدت پیش کرنا شامل ہے جن کا 21اپریل کو انتقال ہوگیا تھا۔ اُن کے ساتھ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو، اقلیتوں کے امور کے وزیر مملکت جورج کورین اور گوا کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر Joshua De Souza کے ساتھ صدر جمہوریہ مرمو، پوپ فرانسس کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے Saint Peter کے Basilica میں گُل دائرہ پیش کریں گی۔x

### Russia Ukraine

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff نے آج ماسکو میں روس کے صدر ولادیمیر پتن سے ملاقات کی۔ جناب ٹرمپ نے اِس ملاقات کو یوکرین میں جنگ ختم کرنے کی کوششوں میں ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا کہ یوکرین معاملے پر روس، امریکہ کے ساتھ ایک معاہدے کیلئے تیار ہے حالانکہ کچھ تفصیلات پر بات چیت کی ابھی بھی ضرورت ہے۔ لاوروف نے کہا کہ اس جانب پیشرفت جاری ہے لیکن کوئی بھی تفصیل بتانے سے انکار کیا۔ ایک علاحدہ پیشرفت میں روس کے جنرل Yaroslav Moskalik اُس وقت ہلاک ہوگئے جب ماسکو سے کچھ ہی دوری پر Balashikha کے علاقے میں اُن کی کار کے اندر ایک بم کا دھماکہ ہوا۔Moskalik روس کی مسلح فورسز کے جنرل عملے میں خصوصی کارروائیوں کے محکمے کے نائب سربراہ تھے۔ پچھلے چار مہینوں میں اس طرح کے حملوں میں روس کے دوسرے فوجی افسر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔x

### US ussian Strike On KYIV

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، Kyiv پر روس کی طرف سے کئے گئے حالیہ میزائل حملوں پر غیراطمینانی کا اظہار کیا ہے۔ اِن حملوں میں کم سے کم 12لوگ ہلاک اور 90زخمی ہوگئے۔ٹرمپ نے روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے حملے روکنے کیلئے کہا ہے۔ اگرچہ انھوں نے روس کے خلاف کسی طرح کے فوری اضافی اقدامات کے بارے میں کچھ کہنے سے گریز کیا۔امریکی صدر نے زور دے کر کہا کہ اُن کی انتظامیہ دونوں ملکوں پر خاطر خواہ دباؤ ڈال رہی ہے تاکہ جنگ کا خاتمہ کیا جاسکے۔اِسی دوران ٹرمپ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff آج دیر گئے ماسکو میں صدر پوتن سے ملاقات کریں گے تاکہ کسی حل کی جانب ممکنہ اقدامات پر بات چیت کی جاسکے۔X

### IPL T20 Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں میزبان چنئی سپر کنگس نے سن رائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کیلئے 155رن کا نشانہ رکھا ہے۔چنئی سپر کنگس کی پوری ٹیم 19اعشاریہ پانچ اوورس میں 154رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

یہ میچ M.A. چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆☆